pakcity.org

| | | | |
|---|---|---|---|
| Paper Code Number: 2025 | 2024 ($1^{st}$-A)<br>انٹرمیڈیٹ پارٹ-I ( جماعت گیارھویں ) | | رول نمبر ________ |
| کل نمبر = 20 | وقت 20 منٹ | معروضی | گروپ-پہلا | پرچہ-پہلا | اردو(لازمی) |

**سوال نمبر 1** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

| D | C | B | A | سوالات | نمبر شمار |
|---|---|---|---|---|---|
| غیر مردف غزل | مردف غزل | مقفیٰ غزل | طویل غزل | جس غزل میں ردیف ہو، کہلاتی ہے۔ | 1 |
| مطلع کے بعد | مقطع کے بعد | مطلع سے پہلے | مقطع سے پہلے | حسنِ مطلع آتا ہے۔ | 2 |
| آخری | درمیانہ | دوسرا | پہلا | مطلع کے لیے ضروری ہے کہ وہ شعر ہو۔ | 3 |
| استعارہ کی | مقطع کی | تلمیح کی | مطلع کی | وقت اچھا بھی آئے گا ناصر غم نہ کر زندگی پڑی ہے ابھی مثال ہے۔ | 4 |
| حرف تشبیہ | وجہ شبہ | مشبہ بہ | مشبہ | جس چیز سے تشبیہ دی جائے وہ کہلاتی ہے۔ | 5 |
| دانت | موتیوں | چمک دمک | جیسے | "موتیوں جیسے دانت" اِس میں مشبہ ہے۔ | 6 |
| ردیف میں | استعارہ میں | تلمیح میں | تشبیہ میں | لفظ کے حقیقی اور مجازی معنوں میں تشبیہ کا تعلق ہوتا ہے۔ | 7 |
| وجہ جامع | حرف تشبیہ | غرض تشبیہ | وجہ شبہ | استعارہ کا رکن ہے۔ | 8 |
| قافیہ | استعارہ | تلمیح | تشبیہ | "یدِبیضا" ہے۔ | 9 |
| آئیں | آئے | آیا | آئی | اُسے ڈکار ____ ہے۔ | 10 |
| کا | کی | کیں | کے | تلوار ____ نیام خوبصورت ہے۔ | 11 |
| کیں | کے | کی | کا | یہ اونٹ ____ نکیل ہے۔ | 12 |
| بھلی لگتیں | بھلا لگتا | بھلے لگتے | بھلی لگتی | اس کے چہرے پر نقاب ____ ہے۔ | 13 |
| کرنیں | کرنے | کرنا | کرنی | ہمیں دیر نہیں ____ چاہیے۔ | 14 |
| میرٹھ کو | دلی کو | آگرہ کو | علی گڑھ کو | سرسید نے ہمیشہ کے لیے چھوڑ دیا تھا۔ | 15 |
| اطالوی میں | جرمن میں | فرانسیسی میں | انگریزی میں | ڈاکٹر لی کارک نے "التصریف" کو منتقل کیا۔ | 16 |
| شبنم سے | خوشبو سے | پھول سے | باغ سے | حضرت قمر نے نظم میں زندگی کو تشبیہ دی تھی۔ | 17 |
| بادامی | سبز | سیاہ | سفید | "اوورکوٹ" کے نوجوان کے ہیٹ کا رنگ تھا۔ | 18 |
| خالی طلبہ | خیالی طلبہ | جلالی طلبہ | جمالی طلبہ | طلبہ کی خالص ترین قسم ہوتی ہے۔ | 19 |
| ہم خیال | ہم معنی | ہم قافیہ | ہم ردیف | جنگل، منگل، دنگل، الفاظ ہیں۔ | 20 |

www.pakcity.org

1(Obj)(☆☆☆)-2024($1^{st}$-A)-50000 (MULTAN)



Please visit for more Data at: www.pakcity.org

| اردو (لازمی) پرچہ - پہلا گروپ-پہلا | انشائیہ | وقت = 2.40 گھنٹے | کل نمبر = 80 |
|---|---|---|---|

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

11th Class Urdu Subjective Paper Group 1 Multan Board 2024

حصہ اول

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 1 + 4 + 4

(i) وہ قمریوں کا چار طرف سرو کے ، ہجوم ۔۔۔ کُوکُو کا شور ، نالۂ حقِ سِرّہٗ کی دُھوم

(ii) سبحان رَبَّنَا کی صدا تھی ، علَی العُموم ۔۔۔ جاری تھے وہ جو اُن کی عبادت کے تھے رسوم

(ب) درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 3 + 3 + 3

(i) نہ جانا کہ دنیا سے جاتا ہے کوئی ۔۔۔ بہت دیر کی، مہرباں آتے آتے

(ii) سنانے کے قابل جو تھی بات ان کو ۔۔۔ وہی رہ گئی، درمیاں آتے آتے

(iii) مرے آشیاں کے تو تھے چار تنکے ۔۔۔ چمن اڑ گیا، آندھیاں آتے آتے

حصہ دوم

3۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ 15 = 1 + 1 + 10 + 3

(الف) ایک نہایت عاجز و مسکین غریب آدمی جو اپنے ساتھیوں کو محنت اور پرہیز گاری اور بے لگاؤ ایمانداری کی نظیر دکھاتا ہے، اس شخص کا اس کے زمانہ میں اور آئندہ زمانے میں اس کے ملک، اس کی قوم کی بھلائی پر بہت بڑا اثر پیدا ہوتا ہے کیونکہ اس کی زندگی کا طریقہ اور چال چلن گو معلوم نہیں ہوتا مگر اور شخصوں کی زندگی میں خفیہ خفیہ پھیل جاتا ہے اور آئندہ کی نسل کے لیے ایک عمدہ نظیر بن جاتا ہے۔

(ب) یہ صحیح ہے کہ انسان روٹی پر ہی زندہ نہیں رہتا ۔۔۔۔۔ اسے مرغ مسلّم کی بھی خواہش ہوتی ہے۔ اگر آپ کا عقیدہ ہے کہ خدا نے مرغی کو محض انسان کے کھانے کے لیے پیدا کیا تو مجھے اس پر کیا اعتراض ہو سکتا ہے۔ صاحب! مرغی تو در کنار، میں تو انڈے کو بھی دنیا کی سب سے بڑی نعمت سمجھتا ہوں۔ تازے خود کھایئے۔ گندے ہو جائیں تو ہوٹلوں اور سیاسی جلسوں کے لیے دُگنے داموں بیچیے۔

4۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 9

(i) ادیب کی عزت (ii) دوستی کا پھل

5۔ دلاور فگار کی نظم "لوکل بس" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ دو دوستوں کے درمیان "مسئلہ فلسطین" کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ یا 10

کالج کی سالانہ کھیلوں کے مقابلہ جات کی روداد قلم بند کیجیے۔

7۔ ڈپٹی کمشنر کے نام تفریحی پارک کے قیام کے لیے درخواست تحریر کیجیے۔ 10

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور اس کا مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔ 10 = 2 + 8

"خبردار رعایا سے کبھی نہ کہنا کہ میں تمہارا حاکم بنا دیا گیا ہوں اور اب میں ہی سب کچھ ہوں۔ سب کو میری تابعداری کرنی چاہیے اس ذہنیت سے دل میں فساد پیدا ہوتا ہے۔ دین میں کمزوری آتی ہے اور بربادی کے لیے بلاوا آتا ہے اور اگر حکومت کی وجہ سے غرور پیدا ہو جانے لگے تو سب سے بڑے بادشاہ کی طرف دیکھنا جو تمہارے اوپر ہے اور تم پر وہ قدرت رکھتا ہے جو تم خود بھی اپنے اوپر نہیں رکھتے۔"

1-2024(1st-A)-50000 (MULTAN)



Please visit for more Data at: www.pakcity.org

Paper Code Number: **2028**

**2024 (1st-A)**

**انٹرمیڈیٹ پارٹ-I ( جماعت گیارہویں )**

pakcity.org

رول نمبر ______

| اردو (لازمی) | پرچہ۔پہلا | گروپ۔دوسرا | معروضی | وقت 20 منٹ | کل نمبر = 20 |
|---|---|---|---|---|---|

**سوال نمبر 1** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | تقریب میں راجا صاحب نے فرمائش کی۔ | مقالہ پڑھیں | سہرا گائیں | غزل گائیں | نظم پڑھیں |
| 2 | نواب مصطفیٰ خاں کو قید کی سزا ہوئی تھی۔ | پانچ سال | سات سال | نو سال | گیارہ سال |
| 3 | کبوتری کو فکر لگی رہتی تھی۔ | جان کی | گھونسلے کی | انڈوں کی | طوفان کی |
| 4 | ادات تشبیہ کہتے ہیں۔ | حروف تشبیہ | مشبہ | مشبہ بہ | طرفین تشبیہ |
| 5 | تشبیہ ہے۔ | چاہِ یوسف | میرؔ | شیر کی طرح بہادر | چاند چہرہ |
| 6 | استعارہ میں آتا ہے۔ | حرف | وجہ جامع | مشبہ | وجہ شبہ |
| 7 | استعارہ ہے۔ | غالبؔ | شیر کی طرح بہادر | آتش نمرود | میرا چاند |
| 8 | تلمیح ہے۔ | ابن مریم | چاند سا چہرہ | فیض علی | موتی سمجھ کے چن لئے |
| 9 | شعری اصطلاح کہلاتی ہے۔ | تشبیہ | استعارہ | مطلع | تلمیح |
| 10 | مطلع کے دونوں مصرعے ہوتے ہیں۔ | ذو معانی | ہم معانی | ہم راہ | ہم قافیہ |
| 11 | ردیف سے پہلے آتا ہے۔ | مقطع | مطلع | قافیہ | تخلص |
| 12 | شاعر کا قلمی نام کہلاتا ہے۔ | خطاب | لقب | کنیت | تخلص |
| 13 | ردیف اصطلاح ہے۔ | شعری | سیاسی | نثری | افسانوی |
| 14 | ______ گھاس دیکھ کر دل خوش ہو گیا۔ | ہرا ہرا | ہری ہری | ہرے ہرے | ہرا ہی ہرا |
| 15 | یہ کس ______ میز ہے؟ | کا | کے | کی | کو |
| 16 | میرا ضمیر مجھے برائی سے ______ ہے۔ | روکتی | روکتے | روکتا | روکتیں |
| 17 | برعظیم میں اردو بولی ______ ہے۔ | جاتی | جاتے | جاتا | جاتیں |
| 18 | نیکی ______ راہ بہت کٹھن ہے۔ | کا | کی | کو | کے |
| 19 | صُفّہ کے لفظی معنی ہیں۔ | مدرسہ | چبوترہ | راستہ | درس گاہ |
| 20 | نواب محسن الملک کی سرسید سے پہلی ملاقات ہوئی۔ | 1850ء میں | 1860ء میں | 1861ء میں | 1863ء میں |

www.pakcity.org

EDUCATION pakcity.org

3(Obj)(☆☆☆☆)-2024(1st-A)-50000 **(MULTAN)**



Please visit for more Data at: www.pakcity.org

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ فرسٹ ( جماعت گیارھویں ) رول نمبر ____________

| | | | |
|---|---|---|---|
| اردو ( لازمی ) پرچہ - پہلا گروپ - دوسرا | انشائیہ | وقت = 2.40 گھنٹے | کل نمبر = 80 |

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

11th Class Urdu Subjective Paper Group 2 Multan Board 2024

## حصہ اوّل

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 1 + 4 + 4

(i) وہ قمریوں کا چار طرف سرو کے ، ہجوم ۔۔۔ کوکو کا شور ، نالۂ حق سِرّہٗ کی دُھوم

(ii) سبحان رَبَّنَا کی صدا تھی ، عَلَی العُموم ۔۔۔ جاری تھے وہ جو اُن کی عبادت کے تھے رسوم

(ب) درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 3 + 3 + 3

(i) یہ آرزو تھی، تجھے گُل کے رُو بہ رُو کرتے ۔۔۔ ہم اور بلبلِ بے تاب، گفتگو کرتے

(ii) پیام بر نہ میسّر ہُوا تو خُوب ہُوا ۔۔۔ زبانِ غیر سے کیا شرحِ آرزو کرتے

(iii) مری طرح سے مہ و مہر بھی ہیں آوارہ ۔۔۔ کسی حبیب کی ، یہ بھی ہیں جُستجو کرتے

## حصہ دوم

3۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ 15 = 1 + 1 + 10 + 3

(الف) سرسیّد کے ایک دوست ایک زمانے میں ان کے خانگی اخراجات کا حساب لکھا کرتے تھے۔ ان کا بیان ہے کہ جب مہینا ختم ہوا میں تمام اخراجات کا مختصر گوشوارہ بنا کر ان کو دکھانے کے لیے لے گیا۔ سرسیّد نے کہا " بس مجھے دکھانے کی کوئی ضرورت نہیں، یونہی چلنے دو۔ میں دیکھوں گا تو ناحق میرے دل کو صدمہ ہوگا۔" حق یہ ہے کہ جو شخص رات دن اوروں کی اصلاح وفلاح میں رہے گا وہ اپنے خانگی انتظام کی طرف کیونکر متوجہ ہوسکتا ہے۔

(ب) کہتے ہیں کسی زمانے میں لاہور کا حدود اربعہ بھی ہوا کرتا تھا لیکن طلبہ کی سہولت کے لیے میونسپلٹی نے اسے منسوخ کر دیا ہے۔ اب لاہور کے چاروں طرف بھی لاہور ہی واقع ہے اور روز بروز واقع تر ہو رہا ہے۔ ماہرین کا اندازہ ہے کہ دس بیس سال کے اندر لاہور ایک صوبے کا نام ہوگا جس کا دارالخلافہ پنجاب ہوگا۔ یوں سمجھیے کہ لاہور ایک جسم ہے جس کے ہر حصے پر ورم نمودار ہو رہا ہے لیکن ہر ورم موادِ فاسد سے بھرا ہے۔ گویا یہ توسیع ایک عارضہ ہے جو اس کے جسم کو لاحق ہے۔

4۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 9

(i) ابوالقاسم زہراوی (ii) دوستی کا پھل

5۔ نظیر اکبرآبادی کی نظم " تسلیم ورضا " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ مسئلہ فلسطین کے حل کے حوالے سے دو طلبا کے درمیان مکالمہ تحریر کیجیے۔ 10

یا

انڈیا اور پاکستان کے کرکٹ میچ کی روداد قلمبند کیجیے۔

7۔ کرایہ مکان کی وصولی کی رسید تحریر کیجیے۔ 10

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور اس کا مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔ 10 = 2 + 8

یاد رکھو جو کوئی خدا کے بندوں پر ظلم کرتا ہے۔ خدا خود اپنے مظلوم بندوں کی طرف سے ظالم کا حریف بن جاتا ہے اور معلوم ہے خدا جس کا حریف بن جائے اس کی حُجت باطل ہو جاتی ہے۔ وہ خدا سے لڑائی ٹھاننے کا مُجرم ہوتا ہے۔ یہاں تک کہ باز آجائے اور توبہ کر لے۔ خدا کی نعمت کو اس سے بڑھ کر بدلنے والی اور خدا کی عُقوبت کو اس سے زیادہ بُلانے والی اور کوئی چیز نہیں کہ آدمی ظلم اختیار کرے اور اس پر ہمیشہ کے لیے کاربند رہے۔



Page 16 of 33 Please visit for more Data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org



Paper Code Number: 2027

2023 (1st-A)

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ فرسٹ (جماعت گیارہویں)

رول نمبر ____________

اردو (لازمی) پرچہ - پہلا | گروپ- پہلا | معروضی | وقت = 20 منٹ | کل نمبر = 20

سوال نمبر 1۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| D | C | B | A | سوالات | نمبر شمار |
|---|---|---|---|---|---|
| کنایہ | تلمیح | استعارہ | تشبیہ | "آتشِ نمرود" اور "آبِ حیات" گرامر کی رُو سے ہیں۔ | 1 |
| مانند قرار دینا | پیچھے پیچھے آنے والا | اشارہ کرنا | ادھار لینا | تشبیہ کے لغوی معنی ہیں۔ | 2 |
| اداتِ تشبیہ | طرفین تشبیہ | وجہ تشبیہ | غرضِ تشبیہ | "مشبہ" اور "مشبہ بہ" کو ____ کہتے ہیں۔ | 3 |
| سات | پانچ | تین | دو | ارکانِ استعارہ ____ ہوتے ہیں۔ | 4 |
| مستعار لہ | مستعار منہ | وجہ جامع | مشبہ بہ | وہ شے جس کے لیے مستعار لیا جائے، ____ کہلاتی ہے | 5 |
| موزوں | ہم قافیہ | مناسب | برابر | مطلع کے دونوں مصرعوں کا ____ ہونا ضروری ہے۔ | 6 |
| مستقل الفاظ | مرکب الفاظ | ردیف | قوافی | وہ الفاظ جو وزن اور صوت کے لحاظ سے ہم آہنگ ہوں، ____ کہلاتے ہیں۔ | 7 |
| قافیہ اور ردیف | تخلص اور آخری شعر | پہلا شعر | آخری شعر | مقطع کی پہچان ____ ہے۔ | 8 |
| پابند غزل | مسلسل غزل | غیر مردف غزل | مردف غزل | جس غزل کی ردیف ہو، ____ کہلاتی ہے۔ | 9 |
| A اور B دونوں | گھڑ سوار کے پیچھے بیٹھنے والا | پیچھے پیچھے آنے والا | پے در پے آنے والا | "قافیہ" کا لفظی مطلب ____ ہے۔ | 10 |
| کے | کو | کی | کا | گندم ____ فروخت جاری ہے۔ | 11 |
| کا | کے | کیں | کی | مجھے لاہور ____ دو ٹکٹ دے دیجیے۔ | 12 |
| کیں | کے | کی | کا | یہ اُردو ____ بہترین لُغت ہے۔ | 13 |
| دی | لگائے | دیا | لگایا | بھنگی نے کمرے میں جھاڑو نہیں ____ | 14 |
| لگائیں | لگائے | لگایا | لگائی | ڈاکٹر نے زخم پر مرہم ____ | 15 |
| اڑھائی | دو | ڈیڑھ | ایک | سرسید نے "خطباتِ احمدیہ" ____ برس میں لکھی۔ | 16 |
| قانون | ڈاکٹری | میڈیسن | سرجری | زہراوی نے اہلِ یورپ کو ____ سے رُوشناس کرایا۔ | 17 |
| اوراق | فنون | زمانہ | ایسٹ اینڈ ویسٹ | علامہ اقبالؒ نے مولانا اکبر کے اشعار ____ میں دیکھے۔ | 18 |
| مُرغ | کبوتر | کُتے | چُوزے | کفایت شعار لوگ ____ پال لیتے ہیں۔ | 19 |
| ذاتی عمل | اشتراکِ عمل | باہمی تعاون | اختلافِ عمل | اس دنیا کی بنیاد ____ پر ہے۔ | 20 |

Please visit for more data at: www.pakcity.org
www.pakcity.org
pakcity.org

www.pakcity.org
Multan Board-2023
www.pakcity.org

2023 (1st-A)

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ فرسٹ (جماعت گیارھویں)

رول نمبر ________

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اردو (لازمی) پرچہ - پہلا | گروپ - پہلا | انشائیہ | وقت = 2.40 گھنٹے | کل نمبر = 80 |

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

## حصہ اول

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 1 + 4 + 4

(i) کبھی اے نوجواں مسلم! تدبّر بھی کیا تو نے؟ — وہ کیا گردوں تھا، تُو جس کا ہے اک ٹوٹا ہوا تارا؟

(ii) تجھے اس قوم نے پالا ہے آغوشِ محبت میں — کچل ڈالا تھا جس نے پاؤں میں، تاجِ سردارا

(ب) درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 3 + 3 + 3

(i) یہ آرزو تھی، تجھے گُل کے رُو بہ رُو کرتے — ہم اور بلبلِ بے تاب، گفتگو کرتے

(ii) پیام بر نہ میسّر ہُوا تو خُوب ہُوا — زبانِ غیر سے کیا شرحِ آرزو کرتے

(iii) بری طرح سے مہ و مہر بھی ہیں آوارہ — کسی حبیب کی، یہ بھی ہیں جستجو کرتے

## حصہ دوم

3۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ 15 = 1 + 1 + 10 + 3

(الف) ایسی کامل وجامع ہستی جو اپنی زندگی میں ہر نوع اور ہر قسم، ہر گروہ اور ہر صنفِ انسانی کے لیے ہدایت کی مثالیں اور نظیریں رکھتی ہو، وہی اس لائق ہے جو اس اصناف وانواع سے بھری ہوئی دنیا کی عالم گیر اور دائمی رہنمائی کا کام سرانجام دے، جو غیض وغضب اور رحم وکرم، جود وسخا اور فقر وفاقہ، شجاعت وبہادری اور رحم دلی، رقیق القلبی، دنیا اور دین دونوں کے لیے اپنی زندگی کے نمونوں سے بہرہ مند کر دے۔

(ب) کپڑے تو میں نے بدل رکھے تھے البتہ میں اپنے تیور بدلنے کی کوشش کرنے لگا۔ پھر اچانک خیال آیا کہ کتنا چھوٹا آدمی ہوں دو پیسے یا دو روپے یا چلو دو لاکھ کی بھی بات نہیں۔ دو آنکھوں کی بات ہے اور میں جھوٹ بولے جا رہا ہوں۔ مجھے فیکے کے سامنے اعتراف کر لینا چاہیے کہ میں تمہارے لیے کچھ نہیں کر سکا۔

4۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 9

(i) ادیب کی عزت (ii) دوستی کا پھل

5۔ میر انیس کی نظم " میدانِ کربلا میں صبح کا منظر " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ استاد اور شاگرد کے مابین " موبائل فون کے غیر ضروری استعمال " کے موضوع پر مکالمہ لکھیے۔ یا 10

کالج میں منعقد ہونے والی " یومِ اقبال " کی تقریب کی رُوداد لکھیے۔

7۔ ایک مکان کے فروخت کی رسید لکھیے۔ 10

pakcity.org

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور اس کا مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔ 10 = 2 + 8

آج دنیا میں زبان، نسل اور رنگ کے اختلافات کی وجہ سے فساد برپا ہے۔ چنانچہ انسانی دنیا ان فتنہ انگیز امتیازات کی وجہ سے گروہوں میں تقسیم ہو چکی ہے۔ لیکن اس کے برعکس اسلام ایک ایسا دینِ فطرت ہے جس میں ایسے اختلافات کا تصور موجود نہیں۔ وہ تمام انسانوں کو آدم کی اولاد کی حیثیت سے دیکھتا ہے اور انہیں ایک کلمۂ توحید پر جمع ہونے کی دعوت دیتا ہے۔ اس دینِ برحق کا تقاضا یہ ہے کہ کم از کم اس کے ماننے والے آپس میں اس طرح متحد ومربوط ہوں کہ اگر زمین کے ایک کونے پر بسنے والے کسی مسلمان کو کوئی گزند پہنچے تو اس کا درد روئے زمین کے تمام مسلمان محسوس کریں۔



Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

| Paper Code Number: 2024 | 2023 (1st-A) Multan Board-2023 انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ فرسٹ (جماعت گیارہویں) | رول نمبر ______ |
|---|---|---|

| کل نمبر = 20 | وقت = 20 منٹ | معروضی | گروپ۔ دوسرا | پرچہ - پہلا | اردو (لازمی) |
|---|---|---|---|---|---|

سوال نمبر 1۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| D | C | B | A | سوالات | نمبر شمار |
|---|---|---|---|---|---|
| مشبہ | تشبیہ | استعارہ | تلمیح | کسی مشہور بات یا واقعہ کی طرف اشارہ کرنا، ______ کہلاتا ہے۔ | 1 |
| وجہ جامع | مشبہ بہ | مشبہ | حرفِ تشبیہ | استعارہ میں ______ آتا ہے۔ | 2 |
| دیدۂ بینا | چشمِ آہو | تیشۂ فرہاد | دلِ بے تاب | اِن میں تلمیح ہے۔ | 3 |
| مشبہ | بات کرنا | آشنا | کاٹنے کی جگہ | مقطع کے لغوی معنی ہیں۔ | 4 |
| ابتدا میں | ردیف سے پہلے | مصرع کے درمیان | ردیف کے بعد | قافیہ آتا ہے۔ | 5 |
| مقطع | مطلع | قافیہ | استعارہ | ردیف سے پہلے ______ آتا ہے۔ | 6 |
| تعداد مقرر نہیں | تین الفاظ پر | دو الفاظ پر | ایک لفظ پر | ردیف مشتمل ہوتی ہے۔ | 7 |
| غزل کا آخری | نظم کا پہلا | قطعہ کا پہلا | غزل کا پہلا | شعری اصطلاح میں مطلع ______ شعر کہلاتا ہے۔ | 8 |
| پڑی | پڑے ہیں | پڑیں | پڑا | میز خالی ______ ہے۔ | 9 |
| کو | کیے | کیا | کی | ہم نے آپ کا بہت انتظار ______ | 10 |
| رہے | رہی | رہو | رہا | میرے سر میں درد ہو ______ ہے۔ | 11 |
| گو | گی | گے | گا | اگر شرارت کرو گے تو مار پڑے ______ | 12 |
| کا | کو | کی | کے | لاہور ______ اخبار میں اس کی تصویر چھپی ہے۔ | 13 |
| کہاوت ہے | محاورہ ہے | ضرب المثل ہے | آزمودہ مقولہ ہے | خدا ان کی مدد کرتا ہے جو آپ اپنی مدد کرتے ہیں۔ | 14 |
| انار | آم | انگور | سیب | سرسید کو کون سا پھل مرغوب تھا؟ | 15 |
| فارسی | عربی | فرانسیسی | اردو | ڈاکٹر لی کارک نے "التصریف" کا ترجمہ ______ زبان میں کیا۔ | 16 |
| بساطی | کپڑوں | پان فروش | قالینوں | حافظ صاحب ______ کا کام کرتے تھے۔ | 17 |
| لارنس | ڈیوس | میکلوڈ | مال | نوجوان کو ______ روڈ پر حادثہ پیش آیا۔ | 18 |
| مستعار لہ اور مستعار منہ | رستم | شیر دل | وجہ جامع | طرفینِ استعارہ سے ______ مراد ہے۔ | 19 |
| غرضِ تشبیہ | حرفِ تشبیہ | وجہ شبہ | مشبہ | اداتِ تشبیہ کا دوسرا نام ______ ہے۔ | 20 |

Please visit for more data at: www.pakcity.org
www.pakcity.org
pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

2023 (1st-A) Multan Board-2023

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ فرسٹ (جماعت گیارھویں)

رول نمبر ________

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اردو (لازمی) پرچہ - پہلا | گروپ۔دوسرا | انشائیہ | وقت = 2.40 گھنٹے | کل نمبر = 80 |

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

## حصہ اول

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ 4 + 4 + 1 + 1 = 10

(i) اشکوں سے ترے، دین کی کھیتی ہوئی سیراب — فاقوں نے ترے، دہر کو بخشا سروساماں

(ii) انسان کو شائستہ و خوددار بنایا — تہذیب و تمدّن، ترے شرمندۂ احساں

(ب) درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 3 + 3 + 3 + 1 = 10

(i) ایک نعمت بھی یہی، ایک قیامت بھی یہی — روح کا جاگنا اور آنکھ کا بینا ہونا

(ii) جو برائی تھی، مرے نام سے منسوب ہوئی — دوستو! کتنا بُرا تھا مرا اچھا ہونا

(iii) قعرِ دریا میں بھی آنکلے گی سورج کی کرن — مجھ کو آتا نہیں محرومِ تمنا ہونا

## حصہ دوم

3۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ 3 + 10 + 1 + 1 = 15

(الف) خدا کی محبت کا اہل اور اُس کے پیار کا مستحق بننے کے لیے ہر مذہب نے ایک ہی تدبیر بتائی ہے اور وہ یہ ہے کہ اُس مذہب کے شارع اور طریقے کے بانی نے جو عمدہ نصیحتیں کی ہیں، ان پر عمل کیا جائے۔ دینِ اسلام نے اس سے بہتر تدبیر اختیار کی ہے۔ اس نے اپنے پیغمبر خاتم النَّبِیّن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کا عملی مجسمہ سب کے سامنے رکھ دیا ہے اور عملی مجسمے کی پیروی اور اِتباع کو خدا کی محبت کا اہل اور اس کے پیار کا مستحق بننے کا ذریعہ بتایا ہے۔

(ب) بالا خانے کا جو دالان میرے اُٹھنے بیٹھنے، سونے جاگنے، جینے مرنے کا محل ہے، اگرچہ گرا نہیں لیکن چھت چھلنی ہوگئی۔ کہیں لگن، کہیں چلمچی، کہیں اُگالدان رکھ دیا ہے۔ قلم دان، کتابیں اُٹھا کر توشے خانے کی کوٹھری میں رکھ دیے۔ مالک مرمت کی طرف متوجہ نہیں۔ کشتیِ نوح میں تین مہینے رہنے کا اتفاق ہوا۔ اب نجات ہوئی ہے۔ نواب صاحب کی غزلیں اور تمہارے قصائد دیکھے جائیں گے۔

4۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 9 + 1 = 10

(i) اوورکوٹ (ii) لاہور کا جغرافیہ

5۔ علامہ محمد اقبالؒ کی نظم ''پیغام'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی کے موضوع پر دو دوستوں میں ہونے والی گفتگو کو مکالمے کے انداز میں بیان کیجیے۔ یا 10

کالج میں منعقدہ مباحثہ کی رُوداد تحریر کیجیے۔

7۔ بھینس فروخت کی رسید لکھیے۔ 10

pakcity.org

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور اس کا مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔ 8 + 2 = 10

روایتی طرزِ تعلیم، جدید دَور کے تقاضوں کے سامنے بڑی حد تک بے بس نظر آتا ہے۔ یہ بات مشاہدے میں آئی ہے کہ جن ممالک میں عملی تعلیم کو زیادہ اہمیت دی جاتی ہے اور ہنر مندی سکھانے پر توجہ مرکوز کی جاتی ہے وہاں بے روزگاری کی شرح بھی کسی حد تک کم ہے۔ تعلیمی اداروں میں تجربہ گاہوں میں تجربات کی عملی سرگرمیاں بے روح ہوتی جا رہی ہیں۔ حقیقی تجربات اور مشاہدات اور عملی سرگرمیوں کا فقدان تعلیمی معیار کی گراوٹ کا باعث بن رہا ہے۔ بے روزگاری کی پھیلتی وبا کو روکنے کے لیے تعلیمی اداروں میں عملی ہنر مندی اور مہارتوں کی تدریس کا لائحہ عمل اختیار کرنا ہوگا۔ اسی طرح طلبہ کی تربیت کے لیے بزمِ ادب کو حقیقی معنوں میں اہمیت دینا ہوگی۔ کھیل کے میدان پھر سے آباد کرنا ہوں گے۔ ایسا نہ ہو کہ وقت، ہماری تقلیدی روش اور مصنوعی پن پر خاک ڈال کر آگے نکل جائے اور ہم ہاتھ ملتے رہ جائیں۔



Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

Multan Board-2019

Paper Code Number: 2021

2019 (A)

رول نمبر ____________

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - I ( کلاس گیارہویں )

اردو ( لازمی ) پرچہ - پہلا

وقت = 20 منٹ

گروپ - پہلا

**معروضی**

کل نمبر = 20

نوٹ۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ دائروں کو پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

pakcity.org

سوال نمبر 1۔

(1) سُنت کے لغوی معنی ہیں۔
(A) حدیث (B) روایت (C) راستہ (D) منزل

(2) ناتہذیبی اور بد چلنی شمار ہوتی ہے۔
(A) نیک نامی (B) معاشرتی بدی (C) شہرت (D) وقار

(3) نوجوان نے _____ رنگ کا اوورکوٹ پہنا ہوا تھا۔
(A) سبز (B) نیلا (C) بادامی (D) سُرخ

(4) علامہ محمد اقبال" کی بیماری کا سُن کر حکیم صاحب خود بخود آئے۔
(A) کراچی سے (B) بجنور سے (C) لکھنؤ سے (D) گورداس پور سے

(5) دورانِ سفر ابن انشا کو زمین نظر آئی۔
(A) گول (B) چپٹی (C) مربع (D) مثلث

(6) تشبیہ دینے کے لیے استعمال ہونے والے حروف کہلاتے ہیں۔
(A) غرض تشبیہ (B) حروف شرط (C) حروف تشبیہ (D) حروف تردید

(7) استعارہ میں مشترک صفت کہلاتی ہے۔
(A) مستعار منہ (B) مستعار لہ (C) وجہ جامع (D) طرفین استعارہ

(8) تلمیح کی نشاندہی کیجیے۔
(A) شیر (B) آتش نمرود (C) صفِ سخن (D) کی طرح

(9) مستعار لہ اور مستعار منہ کہلاتے ہیں۔
(A) وجہ جامع (B) طرفین تشبیہ (C) طرفین استعارہ (D) وجہ تشبیہ

(10) درج ذیل میں تشبیہ ہے۔
(A) رستم و سہراب (B) میرا شیر آیا (C) پھول کی مانند (D) کوئی بھی نہیں

(11) غزل کا پہلا شعر جس کے دونوں مصرع ہم قافیہ نہ ہوں، کہلاتا ہے۔
(A) مطلع (B) غزل کا پہلا شعر (C) مقطع (D) حسنِ مطلع

(12) قافیہ کا لفظی معنی ہے۔
(A) آگے چلنے والا (B) راستہ دکھانے والا (C) پیچھے پیچھے آنے والا (D) سمجھانے والا

(13) جس غزل میں ردیف کا استعمال ہو، کہلاتا ہے۔
(A) مردف (B) غیر مردف (C) مثلث (D) مسدس

(14) مقطع کا لغوی معنی ہے۔
(A) ابتدا (B) خاتمہ (C) کاٹنے کی جگہ (D) آخری شعر

(15) مطلع کس زبان کا لفظ ہے؟
(A) فارسی (B) عربی (C) اردو (D) انگریزی

(16) اُس نے مجھ کو دغا _____
(A) دیا (B) دی (C) دیئے (D) دے

(17) یہ لڑکی _____ گاتی ہے۔
(A) اچھا (B) اچھی (C) اچھے (D) اچھیں

(18) میں نے " نوائے وقت " _____
(A) خریدا (B) خریدی (C) خریدے (D) خریدیں

(19) میرے پیٹ میں درد ہو _____ ہے۔
(A) رہی (B) رہا (C) رہے (D) رہیں

(20) کل رات میں نے ایک خواب _____
(A) دیکھا (B) دیکھی (C) دیکھے (D) دیکھیں

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Multan Board-2019

2019 (A)

رول نمبر ____________

pakcity.org

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - I (کلاس گیارھویں)

اردو (لازمی) پرچہ - پہلا

گروپ - پہلا

وقت = 2.40 گھنٹے

کل نمبر = 80

## انشائیہ

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

### حصہ اول

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 1 + 8

کوئی دن جاتا ہے پیدا ہوگی اک دنیا نئی
خونِ مسلم صرفِ تعمیرِ جہاں ہو جائے گا

بجلیاں غیرت کی تڑپیں گی فضائے قدس میں
حق عیاں ہو جائے گا، باطل نہاں ہو جائے گا

(ب) درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + (3 x 3)

پھرے راہ سے وہ، یہاں آتے آتے
اجل مر رہی تُو، کہاں آتے آتے

نہ جانا کہ دنیا سے جاتا ہے کوئی
بہت دیر کی، مہرباں آتے آتے

سنانے کے قابل جو تھی بات اُن کو
وہی رہ گئی، درمیاں آتے آتے

### حصہ دوم

3۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ 15 = 1 + 1 + 10 + 3

(الف) قومی ترقی مجموعہ ہے، شخصی محنت، شخصی عزت، شخصی ایمانداری، شخصی ہمدردی کا۔ اسی طرح قومی تنزل مجموعہ ہے شخصی سستی، شخصی بے عزتی، شخصی بے ایمانی، شخصی خودغرضی کا اور شخصی برائیوں کا۔ ناتہذیبی وبدچلنی جو اخلاقی وتمدنی یا باہمی معاشرت کی بدیوں میں شمار ہوتی ہے، درحقیقت وہ خود اسی شخص کی آوارہ زندگی کا نتیجہ ہے۔ اگر ہم چاہیں کہ بیرونی کوشش سے ان برائیوں کو جڑ سے اُکھاڑ ڈالیں اور نیست ونابود کر دیں، تو یہ برائیاں کسی اور نئی صورت میں اس سے بھی زیادہ زور وشور سے پیدا ہو جاویں گی۔ جب تک شخصی زندگی اور شخصی چال چلن کی حالتوں کو ترقی نہ کی جاوے۔

(ب) نظام شمسی کے مسودات سے اس قدر ضرور ثابت ہوا ہے کہ پانی پہنچانے کے لیے نل ضروری ہیں۔ چنانچہ کمیٹی نے کروڑوں روپے خرچ کر کے جابجا نل لگوا دیے ہیں۔ فی الحال ان میں ہائیڈروجن اور آکسیجن بھری ہے۔ لیکن ماہرین کی رائے ہے کہ ایک نہ ایک دن یہ گیسیں ضرور مل کر پانی بن جائیں گی۔ چنانچہ بعض نلوں میں اب بھی چند قطرے روزانہ ٹپکتے ہیں۔ اہل شہر کو ہدایت کی گئی ہے کہ اپنے اپنے گھڑے نلوں کے نیچے رکھ چھوڑیں تاکہ عین وقت پر تاخیر کی وجہ سے کسی کی دل شکنی نہ ہو۔ شہر کے لوگ اس پر بہت خوشیاں منا رہے ہیں۔

4۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 9

(i) ادیب کی عزت (ii) کیا واقعی دنیا گول ہے؟

5۔ مولانا ظفر علی خان کی نظم " مستقبل کی جھلک " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ گاہک اور دکاندار کے درمیان اشیائے خورد ونوش کی قیمتوں میں حالیہ اضافے کے حوالے سے مکالمہ تحریر کیجیے۔ 10

یا

کالج میں " یوم پاکستان " کے موقع پر منعقد ہونے والی تقریب کی روداد رقم کیجیے۔

7۔ ڈپٹی کمشنر کے نام اپنے علاقے میں پارک کے قیام کی درخواست لکھیں۔ 10

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور اس کا موزوں عنوان بھی تجویز کیجیے۔ 10 = 2 + 8

غصے پر قابو پانے اور بدلہ لینے کی طاقت رکھتے ہوئے بھی دوسروں کی غلطیوں سے درگزر کرنا ہی تحمل اور بردباری کا جوہر ہے۔ بعض اوقات انسان دوسروں کی غلطیوں پر آپے سے باہر ہو جاتا ہے۔ حالاں کہ وہ خود بھی ان ہی غلطیوں کا مرتکب ہو سکتا ہے۔ ایسی حالت میں وہ غور وفکر سے کام لے اور تحمل وبردباری کو کام میں لائے تو اس کے حق میں بہتر ہے۔ دنیا میں آئے دن جو قتل وغارت، فتنہ وفساد رونما ہوتے رہتے ہیں سب کا سبب زیادہ تر یہی اشتعال ہے کہ انسان معمولی بات پر انتقامی کارروائی کر بیٹھتا ہے جس پر بعد میں اسے پریشانی بلکہ پشیمانی بھی ہوتی ہے۔



Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

Multan Board-2019

رول نمبر ________

2019 (A)

Paper Code Number: 2024

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - I ( کلاس گیارہویں )

اردو ( لازمی ) پرچہ - پہلا

وقت = 20 منٹ

گروپ - دوسرا

معروضی

کل نمبر = 20

نوٹ۔ ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ دائروں کو پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

pakcity.org

سوال نمبر 1۔

(1) قلم دوات کہاں ______ ہے۔
(A) پڑا (B) پڑی (C) پڑے (D) پڑیں

(2) مجھے اسلام آباد ______ دو ٹکٹ دے دو۔
(A) کا (B) کے (C) کی (D) کو

(3) ______ گوندھ دے دو۔
(A) تھوڑی (B) تھوڑا (C) تھوڑے (D) ان میں سے کوئی بھی نہیں

(4) تلوار ______ نیام خوبصورت ہے۔
(A) کا (B) کے (C) کی (D) کو

(5) یہ آم ______ قلم ہے۔
(A) کا (B) کی (C) کے (D) کو

(6) اگر دولت مند ہو تو تقلید کرو۔
(A) دولت مند کی (B) غریب کی (C) بنئے کے تاجر کی (D) شام کے تاجر کی

(7) حضرت قمر کی بیوی کا نام تھا۔
(A) سفینہ (B) سہیکہ (C) نگینہ (D) سکینہ

(8) نوجوان نے اپنا رومال کہاں اڑس رکھا تھا؟ ( بحوالہ اوورکوٹ )
(A) کالر میں (B) گریبان میں (C) دائیں آستین میں (D) بائیں آستین میں

(9) غالب میرٹھ میں رہے۔
(A) چودہ دن (B) چوبیس دن (C) چونتیس دن (D) چار دن

(10) ایک اعلیٰ نسل کی مرغی سال میں اوسطاً ______ انڈے دیتی ہے۔ ( بحوالہ اور آنا گھر میں مرغیوں کا )
(A) سو سے ڈیڑھ سو تک (B) دو سو سے تین سو تک (C) ڈیڑھ سو سے دو سو تک (D) دو سو سے اڑھائی سو تک

(11) جس مقصد کے لیے تشبیہ دی جائے اُسے ______ کہتے ہیں۔
(A) وجہِ تشبیہ (B) حروفِ تشبیہ (C) غرضِ تشبیہ (D) طرفین تشبیہ

(12) بلی کے بال ریشم کی طرح نرم ہیں۔ اس مثال میں وجہِ تشبیہ ہے۔
(A) ریشم (B) بال (C) نرمی (D) بلی

(13) مستعار منہ سے مراد ہے۔
(A) جس کے لیے کوئی لفظ مستعار لیا جائے (B) جس سے کوئی لفظ مستعار لیا جائے
(C) وجہِ جامع (D) طرفین استعارہ

(14) " کس شیر کی آمد ہے کہ رَن کانپ رہا ہے " اس میں مستعار لہٗ ہے۔
(A) شیر (B) رن (C) بہادر شخص (D) محبوب

(15) " اِک بات ہے اعجاز مسیحا میرے آگے " تلمیح کی نشان دہی کیجیے۔
(A) اک بات (B) میرے آگے (C) اعجاز (D) اعجاز مسیحا

(16) قافیہ ہمیشہ آتا ہے۔
(A) ردیف کے بعد (B) مصرع کے شروع میں (C) ردیف سے پہلے (D) شعر کے درمیان میں

(17) قافیہ کا لفظی مطلب ہے۔
(A) پے در پے آنے والا (B) آنکھ بچا کر آنے والا (C) چھپ کر آنے والا (D) کبھی کبھی آنے والا

(18) غزل کا آخری شعر جس میں شاعر کا تخلص ہو، کہلاتا ہے۔
(A) مطلع (B) مطلع ثانی (C) مقطع (D) حسن مطلع

(19) " تک میرؔ جگر سوختہ کی جلد خبر لے کیا یار بھروسا ہے چراغ سحری کا " اصطلاح شعر میں یہ شعر کہلائے گا۔
(A) مطلع (B) حُسن مطلع (C) آخری شعر (D) مقطع

(20) غزل کس چیز کے بغیر نہیں ہوسکتی؟ نشان دہی کیجیے۔
(A) مطلع (B) مقطع (C) ردیف (D) قافیہ



Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Multan Board-2019

2019 (A)

رول نمبر ____________

pakcity.org

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - I ( کلاس گیارھویں )

اردو ( لازمی ) پرچہ - پہلا

وقت = 2.40 گھنٹے

گروپ - دوسرا

کل نمبر = 80

## انشائیہ

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

### حصہ اول

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 1 + 8

بجلیاں غیرت کی تڑپیں گی فضائے قدس میں ۔۔۔ حق عیاں ہو جائے گا، باطل نہاں ہو جائے گا

ان کواکب کے عوض، ہوں گے نئے انجم طلوع ۔۔۔ اُن دنوں رخشندہ تر، یہ آسماں ہو جائے گا

(ب) درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + ( 3 x 3)

یہ جو دو آنکھیں، مُند گئیں مری ۔۔۔ اُس پہ وا ہوتیں، ایک بار اے کاش!

جان آخر تو جانے والی تھی ۔۔۔ اُس پہ کی ہوتی، نثار اے کاش!

اس میں راہِ سخن نکلتی تھی ۔۔۔ شعر ہوتا ترا شعار، اے کاش!

### حصہ دوم

3۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ 15 = 1 + 1 + 10 + 3

(الف) ظرافت اور خوش طبعی ان کی جبلت میں داخل تھی مگر جس طرح ان کی اور باتوں میں بناوٹ نہ تھی اسی طرح ظرافت اور خوش طبعی میں مطلق تصنع نہ تھا۔ تحریر میں، تقریر میں، بات چیت میں جو لطیفہ یا شوخی ان کو سوجھ جاتی تھی اگر چہ کیسی ہی شرم وحجاب کی بات ہو ان سے ضبط نہ ہو سکتی تھی مگر ہر ایک امر کے بیان کرنے کا خدا نے ایسا سلیقہ دیا تھا کہ کوئی بات تہذیب کی حد سے متجاوز نہ ہونے پاتی تھی۔

(ب) ایک دو غلط فہمیاں البتہ ضرور رفع کرنا چاہتا ہوں۔ لاہور پنجاب میں واقع ہے لیکن پنجاب اب پنج آب نہیں رہا۔ اس پانچ دریاؤں کی سرزمین میں اب صرف ساڑھے چار دریا بہتے ہیں اور جو نصف دریا ہے وہ تو اب بہنے کے قابل ہی نہیں رہا۔ اس کو اصطلاح میں راوی ضعیف کہتے ہیں۔ ملنے کا پتا یہ ہے کہ شہر کے قریب دو پل بنے ہوئے ہیں۔ ان کے نیچے ریت میں یہ دریا لیٹا رہتا ہے، بہنے کا شغل عرصے سے بند ہے۔ اس لیے یہ بتانا بھی مشکل ہے کہ شہر دریا کے دائیں کنارے پر واقع ہے یا بائیں کنارے پر۔

4۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 9

(i) دوستی کا پھل (ii) سفارش

5۔ علامہ محمد اقبالؒ کی نظم " خطاب بہ جوانانِ اسلام " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ دو دوستوں کے درمیان " انٹرنیٹ کے فوائد و نقصانات " پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ یا 10

یوم آزادی پر منعقد ہونے والی تقریب کی روداد تحریر کیجیے۔

7۔ پرنسپل صاحب کے نام کریکٹر سرٹیفکیٹ کے حصول کی درخواست تحریر کیجیے۔ 10

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور اس کا موزوں عنوان بھی تجویز کیجیے۔ 10 = 2 + 8

ناموری کی مثال نہایت عمدہ خوش بو کی ہے۔ جب ہوشیاری اور سچائی سے ہماری واجب تعریف ہوتی ہے تو اس کا ویسے ہی اثر ہوتا ہے جیسے عمدہ خوش بو کا۔ مگر جب کسی کمزور دماغ میں زبردستی وہ خوش بو ٹھونس دی جاتی ہے تو ایک تیز بُو کی مانند دماغ کو پریشان کر دیتی ہے۔ فیاض آدمی کو بدنامی اور نیک نامی کا زیادہ خیال ہوتا ہے اور عالی ہمت طبیعت کو مناسب عزت اور تعریف سے ایسے ہی تقویت ہوتی ہے جیسے کہ غفلت اور حقارت سے پست ہمتی ہوتی ہے۔



Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Multan Board-2018

**Paper Code**

**Number: 2025**

2018 (A)

رول نمبر ____________

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - I ( کلاس گیارھویں )

**اردو ( لازمی )** پرچہ - پہلا وقت = 20 منٹ

**گروپ - پہلا** **معروضی** کل نمبر = 20

نوٹ۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ دائروں کو پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

pakcity.org

سوال نمبر 1۔

(1) غزل یا قصیدے کا آخری شعر جس میں شاعر کا تخلص استعمال ہو، کہلاتا ہے۔ (A) مطلع (B) مقطع (C) ردیف (D) قافیہ

(2) اصطلاح شعر میں وہ الفاظ جو قافیے کے بعد بار بار آتے ہیں اور بدلتے نہیں، کہلاتے ہیں۔ (A) مطلع (B) مقطع (C) ردیف (D) قافیہ

(3) " نک میر جگر سوختہ کی، جلد خبر لے کیا یار بھروسا ہے، چراغ سحری کا " یہ شعر غزل میں کہلاتا ہے۔ (A) مطلع (B) مقطع (C) قافیہ (D) ردیف

(4) قافیہ کی بنیادی شرط ہے۔ (A) ہم شکل الفاظ (B) ہم آواز و ہم وزن الفاظ (C) ہم ردیف (D) ہم مرتبہ الفاظ

(5) " گل کو ہوتا صبا! قرار اے کاش! رہتی اِک آدھ دن، بہار اے کاش! " اس شعر میں قافیے ہیں۔ (A) گل (B) صبا (C) قرار، بہار (D) کوئی نہیں

(6) بھنگی نے جھاڑو پھیر ________ (A) دیا (B) دی (C) دیے (D) دیں

(7) پتنگ کٹ ________ (A) گئی (B) گیا (C) گے (D) گئیں

(8) دس روپے ________ دہی لاؤ۔ (A) کی (B) کا (C) کے (D) کو

(9) اُس ________ ناک بھدی ہے۔ (A) کی (B) کا (C) کے (D) کو

(10) روزنامہ جنگ لاہور سے شائع ________ ہے۔ (A) ہوتا (B) ہوتی (C) ہوتیں (D) ہوتے

(11) یہ ایک نہایت عمدہ اور آزمودہ ______ ہے۔ " خدا اُن کی مدد کرتا ہے جو آپ اپنی مدد کرتے ہیں " (A) کہاوت (B) مقولہ (C) ضرب المثل (D) محاورہ

(12) سر سید احمد خاں کو مرغوب تھا۔ (A) سیب (B) انگور (C) آم (D) انار

(13) ابوالقاسم زھراوی نے اہل یورپ کو روشناس کرایا۔ (A) فن تعمیرات سے (B) فن دوا سازی سے (C) سرجری کے فن سے (D) فن کیمیا گری سے

(14) قرطبہ کی شاہی لائبریری میں کتابیں تھیں۔ (A) ایک لاکھ (B) ایک لاکھ سے زائد (C) دو لاکھ سے زائد (D) تین لاکھ سے زائد

(15) صبح کے وقت حضرت قمر نے ______ چائے کا پیالا تیار کیا۔ (بحوالہ سبق ادیب کی عزت) (A) بیس دفعہ اُبالی ہوئی (B) تیس دفعہ اُبالی ہوئی (C) چالیس دفعہ اُبالی ہوئی (D) پچاس دفعہ اُبالی ہوئی

(16) " نوجوان چاند جیسا خوبصورت ہے " اس جملے میں استعمال ہوا/ہوئی ہے۔ (A) استعارہ (B) تشبیہ (C) تلمیح (D) مطلع

(17) " استعارہ " کہتے ہیں۔ (A) کچھ دینے کو (B) تاریخی واقعہ کو (C) مانند قرار دینا (D) ادھار لینے کو

(18) گرامر کی رو سے " اورنگِ سلیماں " ہے۔ (A) استعارہ (B) تشبیہ (C) تلمیح (D) حرف تشبیہ

(19) " تلمیح " کے لفظی معنی ہیں۔ (A) اشارہ کرنا (B) ادھار دینا (C) ہم شکل (D) ہم وزن

(20) " رخسار پھول کی مانند ہیں " اس جملے میں حرف تشبیہ ہے۔ (A) رخسار (B) پھول (C) کی مانند (D) ہیں

Please visit for more data at: www.pakcity.org
www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Multan Board-2018

2018 (A)

رول نمبر ________

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - I ( کلاس گیارہویں )

pakcity.org

اردو ( لازمی ) پرچہ - پہلا وقت = 2.40 گھنٹے

گروپ - پہلا **اِنشائیہ** کل نمبر = 80

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

## حصہ اول

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 1 + 8

حسینؓ ابن علیؓ کے اسوۂ مردانہ کا پرچم برائے شمعِ ملت، سوزشِ پروانہ کا پرچم
محمدؒ ابن قاسمؒ کے سحابِ جُود کا پرچم یہ طارقؒ کا، صلاح الدینؒ کا، محمودؒ کا پرچم

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + (3 x 3)

دل پہ رہا مدتوں، غلبۂ یاس و ہراس قبضۂ حزم و حجاب، دیکھیے کب تک رہے
تابہ کجا ہوں دراز، سلسلہ ہائے فریب ضبط کی لوگوں میں تاب، دیکھیے کب تک رہے
پردۂ اصلاح میں، کوششِ تخریب کا خلقِ خدا پر عذاب، دیکھیے کب تک رہے

www.pakcity.org

## حصہ دوم

3۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ 15 = 1 + 1 + 10 + 3

(الف) ایسی کامل وجامع ہستی جو اپنی زندگی میں ہر نوع اور ہر قسم، ہر گروہ اور ہر صنفِ انسانی کے لیے ہدایت کی مثالیں اور نظیریں رکھتی ہو، وہی اس لائق ہے جو اِس اصناف وانواع سے بھری ہوئی دنیا کی عالم گیر اور دائمی رہنمائی کا کام سرانجام دے، جو غیظ وغضب اور رحم وکرم، جود وسخا اور فقر وفاقہ، شجاعت و بہادری اور رحم دلی، رقیق القلبی، دنیا اور دین دونوں کے لیے ہمیں اپنی زندگی کے نمونوں سے بہرہ مند کرے۔

(ب) نہ تم مجرم، نہ میں گنہ گار۔ تم مجبور، میں ناچار۔ لو اب کہانی سنو، میری سرگزشت میری زبانی سنو۔ نواب مصطفیٰ خان بہ معیاد سات برس کے قید ہو گئے تھے، سو اُن کی تقصیر معاف ہوئی اور اُن کو رہائی ملی۔ صرف رہائی کا حکم آیا ہے۔ جہانگیر آباد کی زمینداری اور دلّی کی املاک اور پنسن کے باب میں ہنوز کچھ حکم نہیں ہوا۔ ناچار وہ رہا ہو کر میرٹھ ہی میں ایک دوست کے مکان میں ٹھہرتے ہیں۔ بہ مجرد استماع اِس خبر کے، ڈاک میں بیٹھ کر میرٹھ گیا۔

pakcity.org

4۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 9

(i) ادیب کی عزت (ii) اور آنا گھر میں مرغیوں کا

5۔ علامہ محمد اقبالؒ کی نظم " خطاب بہ جوانانِ اسلام " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ دو دوستوں کے درمیان " امتحانی نظامِ تعلیم کے نقائص " پر ہونے والی گفتگو پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ یا 10

کالج میں ہونے والی " یومِ پاکستان " کی تقریب کی روداد تحریر کیجیے۔

7۔ رسید برائے وصولی رقم بابت فروختگی موٹر سائیکل تحریر کیجیے۔ 10

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور اس کا موزوں عنوان بھی تجویز کیجیے۔ 10 = 2 + 8

ایک بلند پایہ قوم کے اعلیٰ اوصاف اپنے اندر پیدا کرنے کے لیے روزانہ کے کاروبار اور معاشرت میں یک رنگی اور ضبط کا ثبوت دیجیے۔ بازاروں میں چلتے وقت اپنے مقررہ راستوں کا خیال رکھیے۔ پرہجوم گلیوں سے گزرنے کے لیے بھیڑ چھٹ جانے کا انتظار کیجیے۔ ریلوے اسٹیشن یا بس اسٹینڈ سے ٹکٹیں خریدتے وقت، دفاتر سے معلومات یا کاغذات کے لین دین کے موقع پر یا اجتماعی تقاریب میں ڈسپلن اور ضبط کو ہاتھ سے نہ جانے دیجیے۔



Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Multan Board-2018

Paper Code Number: 2024

2018 (A)

رول نمبر ____________

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - I (کلاس گیارھویں)

## اردو (لازمی) پرچہ - پہلا

وقت = 20 منٹ

## گروپ - دوسرا معروضی

کل نمبر = 20

نوٹ۔ ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ دائروں کو پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

pakcity.org

سوال نمبر 1۔

(1) یہ علامہ محمد اقبال ______ فوٹو ہے۔ (A) کی (B) کا (C) والا (D) کے

(2) یہ سبزی ______ ہے۔ (A) تازی (B) تازہ (C) تجھٹ (D) تازگی

(3) آج سڑک پر تارکول ______ (A) بچھائی گئی (B) ڈالی گئی (C) بچھایا گیا (D) رکھی گئی

(4) لفافے پر ______ گوند چپکا دو۔ (A) ذرا سی (B) تھوڑا سا (C) معمولی سی (D) تھوڑی سی

(5) ______ قلم بڑا قیمتی ہے۔ (A) میری (B) تیری (C) میرا (D) ہماری

(6) ولیم ڈراگن بڑا خیرخواہ تھا۔ (بحوالہ سبق اپنی مدد آپ) (A) انگلینڈ کا (B) نیوزی لینڈ کا (C) آئرلینڈ کا (D) سکاٹ لینڈ کا

(7) افسانہ "اوورکوٹ" میں نوجوان کے ایک ہاتھ میں تھی رہتا۔ (A) چھوٹی چھڑی (B) رومال (C) کتاب (D) چھتری

(8) مصنف مشتاق احمد یوسفی کے خیال میں مرغیوں کا صحیح مقام ہے۔ (A) ڈربہ (B) میدان (C) پیٹ اور پلیٹ (D) ٹاپا

(9) افسانہ "چراغ کی لو" کتاب ______ سے لیا گیا ہے۔ (A) کپاس کا پھول (B) جاڑے کی چاندنی (C) سب افسانے میرے (D) خطبات مدراس

(10) ہرگوپال تفتہ نے برائے اصلاح غالب کو ____ بھیجا تھا/تھی۔ (A) غزلیں (B) نظمیں (C) مثنویاں (D) قصائد

(11) جس چیز کو تشبیہ دی جائے وہ کہلاتی ہے۔ (A) مشبہ (B) مشبہ بہ (C) وجہ تشبیہ (D) حرف تشبیہ

(12) مشبہ اور مشبہ بہ کہلاتے ہیں۔ (A) غرض تشبیہ (B) وجہ شبہ (C) طرفین استعارہ (D) طرفین تشبیہ

(13) "آتشِ نمرود" مثال ہے۔ (A) تشبیہ کی (B) استعارہ کی (C) تلمیح کی (D) مشبہ کی

(14) استعارہ کے ارکان کی تعداد ہوتی ہے۔ (A) چار (B) تین (C) پانچ (D) دو

(15) وہ چیز جس کے لیے کوئی لفظ مستعار لیا جائے، کہلاتی ہے۔ (A) مستعار لہ (B) مستعار منہ (C) مستعار (D) وجہ جامع

(16) ۔ دوست بن کر بھی نہیں ساتھ نبھانے والا وہی انداز ہے ظالم کا زمانے والا اس شعر میں قافیے ہیں۔ (A) دوست (B) ظالم (C) نبھانے، زمانے (D) انداز

(17) "ردیف" کے لغوی معنی ہیں۔ (A) گھڑسوار کے پیچھے بیٹھنے والا (B) آگے بیٹھنے والا (C) پیچھے بھاگنے والا (D) آگے جانے والا

(18) ۔ "کچھ یادگارِ شہرِ ستم گر ہی لے چلیں آئے ہیں اس گلی میں تو پتھر ہی لے چلیں" اس شعر میں ردیف ہے۔ (A) ستم گر (B) پتھر (C) گلی (D) ہی لے چلیں

(19) "مقطع" کے لغوی معنی ہیں۔ (A) آغاز (B) آراستہ (C) کاٹنے کی جگہ (D) پیائش

(20) وہ پہلا شعر جس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ و ہم ردیف ہوں، کہلاتا ہے۔ (A) قطعہ بند (B) مطلع (C) مقطع (D) حسن مطلع



Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

رول نمبر 2018 (A) Multan Board-2018

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - I ( کلاس گیارہویں )

اردو ( لازمی ) پرچہ - پہلا pakcity.org وقت = 2.40 گھنٹے

گروپ ۔ دوسرا **اِنشائیہ** کل نمبر = 80

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

## حصہ اول

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 1 + 8

اشکوں سے ترے، دین کی کھیتی ہوئی سیراب فاقوں نے ترے، دہر کو بخشا سروساماں
انسان کو شائستہ و خوددار بنایا تہذیب وتمدن، ترے شرمندۂ احساں

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + ( 3 x 3)

آفاق کی منزل سے گیا، کون سلامت اسباب لٹا راہ میں، یاں ہر سفری کا
ہر زخمِ جگر داورِ محشر سے ہمارا انصاف طلب ہے، تری بیداد گری کا
لے سانس بھی آہستہ، کہ نازک ہے بہت کام آفاق کی اس کارگہِ شیشہ گری کا

## حصہ دوم

3۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ 15 = 1 + 1 + 10 + 3

(الف) راست بازی اور وہ تمام اوصاف جو ایک راست باز آدمی میں ہونے ضروری ہیں، جیسے صدقِ مودت، حمیت، دلیری اور آزادی وغیرہ اس شخص کی خصوصیات میں سے تھے۔ اِس شخص نے اگر سچ پوچھیے تو اپنی آزادانہ تحریروں سے اُردو لٹریچر میں آزادی اور سچائی کی بنیاد ڈال دی۔ اس نے لوگوں کو مجبور کیا کہ سچ بات کہنے میں کسی کی طعن وملامت سے نہ ڈریں۔ جو بات اس کو حق معلوم ہوئی، اس کے کہنے میں کبھی اس بات کا خیال نہیں کیا کہ دنیا میں کوئی دوسرا شخص بھی اِس بات میں اس کے ساتھ اتفاق کرنے والا ہے یا نہیں۔

(ب) ایک دو غلط فہمیاں البتہ ضرور رفع کرنا چاہتا ہوں۔ لاہور پنجاب میں واقع ہے لیکن پنجاب اب پنج آب نہیں رہا۔ اس پانچ دریاؤں کی سرزمین میں اب صرف ساڑھے چار دریا بہتے ہیں اور جو نصف دریا ہے وہ تو اب بہنے کے قابل ہی نہیں رہا۔ اِس کو اصطلاح میں راوی ضعیف کہتے ہیں۔ ملنے کا پتا یہ ہے کہ شہر کے قریب دو پل بنے ہوئے ہیں۔ ان کے نیچے ریت میں یہ دریا لیٹا رہتا ہے بہنے کا شغل عرصے سے بند ہے۔

4۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 9

(i) اوور کوٹ (ii) دوستی کا پھل

5۔ مولانا ظفر علی خان کی نظم '' مستقبل کی جھلک '' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ دو لڑکیوں کے درمیان '' موبائل کے نقصانات وفوائد '' کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ 10

یا

کالج میں '' یومِ اقبال '' کے حوالے سے ہونے والی تقریب کی روداد لکھیے۔

7۔ رسید برائے وصولی رقم بابت کرایہ مکان تحریر کیجیے۔ 10

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور اس کا موزوں عنوان بھی تجویز کیجیے۔ 10 = 2 + 8

خبردار رعایا سے کبھی نہ کہنا کہ میں تمہارا حاکم بنا دیا گیا ہوں اور اب میں ہی سب کچھ ہوں۔ سب کو میری تابعداری کرنی چاہیے۔ اس ذہنیت سے دل میں فساد پیدا ہوتا ہے۔ دین میں کمزوری آتی ہے اور بربادی کے لیے بلاوا آتا ہے اور اگر حکومت کی وجہ سے غرور پیدا ہونے لگے تو سب سے بڑے بادشاہ خدا کی طرف دیکھنا جو تمہارے اوپر ہے اور تم پر وہ قدرت رکھتا ہے جو تم خود بھی اپنے آپ پر نہیں رکھتے۔



Please visit for more data at: www.pakcity.org